◉ **حکمتِ اقبال، محمد رفیع الدین۔** ناشر: ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی یونی ورسٹی، اسلام آباد، بہ اشتراک: آل پاکستان اسلامک ایجوکیشن کانگریس، لاہور۔ صفحات: ۵۲۴۔ قیمت: ۲۵۰ روپے۔[**مصنف مرحوم فلسفے کے** استاد، خود ایک فلسفی اور بہت فاضل شخصیت تھے۔ اقبال اکادمی پاکستان کے پہلے ڈائرکٹر رہے۔ **اقبالیات اور** علوم عمرانیات پر گہری نظر رکھتے تھے۔ اس کتاب میں اقبال کے تصورِ خودی، ان کے دوسرے **تصورات سے علمی** اور عقلی ربط قائم کرنے کی کامیاب کوشش کی گئی ہے۔ 'پیش لفظ' نگار ڈاکٹر ظفر اسحاق انصاری **کے بقول: مصنف** پاکستان کے اُن مایہ ناز علما میں سے تھے جنھوں نے دورِ جدید میں اسلام کی **تعبیر وتشریح کے میدان میں** حکیم الامت علامہ اقبال کی فکر کو آگے بڑھایا ہے۔ کتاب ۳۵ برس **پہلے چھپی تھی، اب تیسری بار شائع ہوئی** ہے۔]

◉ **مکاتیب الکریم،** مولانا عبدالقیوم حقانی۔ ماہنامہ القاسم، جامعہ ابوہریرہ، **برانچ پوسٹ آفس، خالق آباد، نوشہرہ،** صوبہ سرحد۔ صفحات: ۳۱۱۔ قیمت: ندارد۔[مرتب کے استاد شیخ التفسیر مولانا **قاضی عبدالکریم کلاچوی کے اس** مجموعہ مکاتیب میں موضوعات کا حیرت انگیز تنوع ملتا ہے۔ دینی، شرعی **اور فقہی مسائل، بزرگان دین کا مقام اور** مرتبہ، روز مرہ مسائل، دینی مدارس کے معاملات، دل چسپ واقعات، پند و نصائح وغیرہ۔]

◉ **برصغیر میں بچہ مسلم لیگ،** ڈاکٹر انعام الحق کوثر۔ ناشر: ادارہ تحقیق وتصنیف، بلوچستان۔ ۲۷۲-اے، او بلاک ۳، سیٹلائیٹ ٹاؤن، کوئٹہ۔ صفحات: ۹۹۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔[**تحریکِ پاکستان کے سلسلے میں بزرگوں** اور نوجوانوں کے ساتھ بچوں نے بھی کام کیا اور 'بچہ مسلم لیگ' بھی قائم ہوئی۔ اس کتاب میں **اس کی کچھ تفصیلات** اور تصاویر شامل ہیں۔ بتایا گیا ہے کہ بچہ مسلم لیگ کن کن شہروں میں اور کس طرح **قائم ہوئی اور کن کن لوگوں** نے کس طرح حصہ لیا وغیرہ۔]

◉ **مولانا اشرف علی تھانوی کی تعلیمی خدمات،** ہومیو ڈاکٹر رانا محمد اشرف۔ ناشر: **ادارہ تالیفات اشرفیہ،** جامع مسجد تھانے والی ہارون آباد، ضلع بہاول نگر۔ صفحات: ۷۷۔ قیمت: درج نہیں۔[**مولانا اشرف علی تھانوی** (اللہ ان کی قبر کو نور سے بھر دے) کی بے پایاں خدمات کا احاطہ نہیں کیا جاسکتا۔ **صرف ان کی تعلیمی خدمات پر** پی ایچ ڈی ہوسکتی ہے۔ اس کتابچے میں تعلیم کے موضوع پر ان کے چند مفید ارشادات جمع کیے گئے ہیں۔]

◉ **آنحضرتؐ کی تعلیمی پالیسی،** پروفیسر ڈاکٹر محمد گجر خان غزل کاشمیری۔ ناشر: **شعبہ نشرواشاعت، اقراء** تدریب الاطفال (ٹرسٹ) لاہور۔ ملنے کا پتا: کتاب سرائے، الحمد مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور۔ **صفحات: ۲۸۰۔** قیمت: ۱۵۰ روپے۔[اس پی ایچ ڈی مقالے میں ایک خاص ترتیب سے تعلیم کے حوالے سے **اسلامی تعلیمات** اور سیرت پاکؐ میں ان کے عملی اظہار کا احاطہ کیا گیا ہے۔ تعلیمی پالیسی کو تعلیمِ بالغاں، تعلیمِ نسواں **اور ابتدائی تعلیم** کے عنوانات دیے گئے ہیں۔]